رائے عامہ سروے

# عمومی

# آب و ہوا

## دنیا بھر میں 44% جوابدہندگان کی نسبت 65% پاکستانیوں کا خیال ہے کہ حکومتیں ماحولیات کے تحفظ کے لئے موثر اقدامات کر رہی ہیں۔

**(گیلپ پاکستان اور ون ورلڈ سروے کی رپورٹ جاری) ،**

(اسلام آباد) ،14 مارچ، 2022


پاکستان میں گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے (اور اسی طرح کا سروے دی ورلڈ وائڈ انڈیپینڈنٹ نیٹ ورک آف مارکیٹ ریسرچ (WIN) کی جانب سے دنیا بھر میں منعقد کیا گیا ) کے مطابق ، دنیا بھر میں 44% جوابدہندگان کی نسبت 65% پاکستانیوں کا خیال ہے کہ حکومتیں ماحولیات کے تحفظ کے لئے موثر اقدامات کر رہی ہیں۔

یہ نتائج دی ورلڈ وائڈ انڈیپینڈنٹ نیٹ ورک آف مارکیٹ ریسرچ (WIN) جو کہ دنیا بھر میں ہر براعظم میں مارکیٹ کے حوالے سے ریسرچ اور رائے عامہ سروے منعقد کرنے والا ایک عالمی ادارہ ہے کے حالیہ بین الاقوامی سروے جسے دنیا بھر میں منعقد کیا تھا میں سے سامنے آئے ہیں۔ ون انٹرنیشنل نے سالانہ ون ورلڈ سروے (WWS-2021) شائع کیا ہے،اس سروے میں دنیا بھر کے 39 ممالک کے باشندوں نے شرکت کی، جس میں 33،236 افراد کی رائے اور عقائد کا تحقیقی جائزہ لیا گیا ہے۔اس سروے میں 2021 میں آنے والی موسمیاتی تبدیلیوں کے حوالے سے تصورات اور دنیا بھر میں ثابت کی جانے والی معاشی ترقی کی اہمیت سے متعلق خیالات اور عقائد کا تجزیہ کیا گیا ہے۔ پاکستان میں فیلڈ ورک کا انعقاد 10 اکتوبر سے 11 نومبر 2021 کے درمیان ہوا اور یہ سروے 1000 افراد سے لیا گیا۔

انٹرنیشنل پریس ریلیز کی مکمل رپورٹ یہاں سے حاصل کی جا سکتی ہے۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" برائے مہربانی بتائیں کہ آپ مندرجہ ذیل عبارت سے کس حد تک متفق یا غیر متفق ہیں؟ حکومتیں ماحولیات کا خیال رکھنے کے لئے ضروری اقدامات کر رہی ہیں"۔**
پاکستان میں اس سوال کے جواب میں 40% جوابدہندگان کے مطابق وہ اس بات سے مکمل طور پر متفق ہیں کہ حکومتیں ماحولیات کا خیال رکھنے کے لئے ضروری اقدامات کر رہی ہیں ، 25% جوابدہندگان کے مطابق وہ اس بات سے کسی حد تک متفق ہیں، 13% جوابدہندگان کے مطابق وہ اس بات سے کسی حد تک غیر متفق ہیں ، جبکہ 12% جوابدہندگان کے مطابق وہ اس بات سے مکمل طور پر غیر متفق ہیں حکومتیں ماحولیات کا خیال رکھنے کے لئے بالکل بھی ضروری اقدامات نہیں کر رہی ہیں ، تاہم 10% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ مندرجہ ذیل عبارت سے کس حد تک متفق یا غیر متفق ہیں؟ حکومتیں ماحولیات کا خیال رکھنے کے لئے ضروری اقدامات کر رہی ہیں۔"





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

## جنس کے اعتبار سے نتائج:

پاکستان میں خواتین (36%) کی نسبت زیادہ تر مرد حضرات (40%) اس بات پر پختہ یقین رکھتے ہیں کہ حکومتیں ماحولیات کے تحفظ کے لئے موثر اقدامات کر رہی ہیں۔

### جنس کے اعتبار سے نتائج




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 1000 مرد و خواتین سے 20 اکتوبر تا 11 نومبر 2021 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

WIN Worldwide Independent Network Of Market Research

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Monday, March 14, 2022**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2022

celebrating
42
years
of Gallup Pakistan
(1980-2022)